ـــے

ـلام کیسے شروع ہوا؟ از جناب عبدالواحد صاحب سندھی جامعی۔ تقطیع خورد ضخامت ۲۰۷ صفحات ـت جلی، طباعت عمدہ۔ گرد پوش خوبصورت و دیدہ زیب۔ قیمت عہ۔ پتہ: مکتبہ جامعہ دہلی، لاہور، لکھنؤ

یہ کتاب نہایت سہل اور آسان زبان میں بچوں اور بچیوں کو یہ بتانے کے لیے لکھی گئی ہے کہ ـم شروع کیسے ہوا؟ اس سلسلہ میں اسلام اور پیغمبر کی تعریف۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے ـی حالت۔ پھر آپ کے مختصر سوانح مبارکہ۔ اور آپ کی تبلیغی جدوجہد کی تاریخ کا بیان آگیا ہے۔ فاضل ـف کو سہل زبان لکھنے میں خاص ملکہ ہے۔ چنانچہ اس کتاب کا انداز بیان بھی اتنا شیریں اور دلچسپ ـ بچے اور بچیاں اس کو بڑی دلچسپی اور آسانی سے پڑھ سکتی ہیں۔ واقعات سب مستند اور صحیح ہیں۔ ـں کے علاوہ معمولی اردو خواں لوگوں کو بھی اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

ـداں۔ از رشید احمد صدیقی (علیگ) تقطیع خورد ضخامت ۱۸۱ کتابت وطباعت اور کاغذ بہتر قیمت ـ پتہ:۔ مکتبہ جامعہ دہلی، لکھنؤ و لاہور۔

پروفیسر رشید احمد صدیقی اردو کے مشہور مزاحیہ نویس ادیب ہیں۔ ان کی زبان اگرچہ مرزا ـت اللہ بیگ کی زبان کی طرح ٹکسالی اور رواں نہیں ہوتی (ظرافت کو کامیاب بنانے کے لیے ـی کی سخت ضرورت ہے) لیکن ان کی ظرافت میں ایک خاص قسم کا طنز ہوتا ہے جس کی وجہ سے ـ کا مزاح محض مزاح نہیں رہتا بلکہ اُس میں تنقید کی شان پیدا ہو جاتی ہے۔ رشید صاحب ـلائق اور فاضل پروفیسر بھی ہیں اس لیے وہ اپنی وسیع معلومات کی مدد سے تنقید کا حق ناتمام ـں چھوڑتے، اور اُسے کامیابی کے ساتھ انجام تک پہنچا دیتے ہیں۔ اُن کی صرف یہی خصوصیت ہے ـ کی وجہ سے وہ تمام ملک میں مشہور ہیں۔ خنداں رشید صاحب کے اُن مضامین کا مجموعہ ہے جو وقتاً ـ ریڈیو پر نشر ہوتے رہے لیکن ہمیں ڈر ہے کہ کہیں ان مضامین کی اشاعت رشید صاحب کی